# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
كليه عربی وعلوم اسلاميه
## شعبہ قرآن و تفسیر

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: تعارف قرآن (1951)  سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

### ہدایت نامہ برائے طلباء

**بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)**

**عزیز طلبہ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر:1تا 5 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ جمع قرآن کے کیا معنی ہیں؟ عہد رسالت میں قرآن مجید کے مکتوبہ صحیفوں اور عہد صدیقی میں قرآن کو جمع کرنے کے اسباب تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ علم المخاصمہ سے کیا مراد ہے؟قرآن مجید نے کن چار گمراہ فرقوں سے مخاصمہ کیا ہے وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ علم التذکیر بایام اللہ کو مختصر مگر جامع انداز میں بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ قرآن مجید کے اعجاز کی کون کون سی وجوہات ہیں؟ نیز تفسیر کے سات رجحانات کی وضاحت کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ تفسیر بالماثور سے کیا مراد ہے؟ تفسیر بالماثور کے ذیلی طرق بیان کرتے ہوئے عہد رسالت میں تفسیر قرآن کے اسلوب کی وضاحت کیجئے۔ (20)

# مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر:6 تا 9 )

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ تفسیر ''الجامع لاحکام القرآن'' کے متعلق علماء کی آراء تحریر کیجیئے نیز اس تفسیر کی چیدہ چیدہ خصوصیات بھی تحریر کیجیئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ میثاق انبیاء سے کیا مراد ہے اور اولوالعزم انبیاء سے کونسا عہد لیا گیا؟ نیز وضاحت کیجیئے کہ پیغام الٰہی کو پہنچانے میں انبیاء نے کیسے حق ادا کیا؟۔ (20)

سوال نمبر3۔ غزوہ احزاب میں مسلمانوں نے دفاع کے لئے کون سا طریقہ اپنایا؟ نیز خندق کی کھدائی کے دوران صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کیفیت اور آپ ﷺ کو کدال کی تین ضربوں پر دی گئیں تین بشارتوں کی تفصیل تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ جنگ خندق کو غزوہ احزاب کیوں کہتے ہیں؟ نیز غزوہ خندق کے ابتدائی اہم واقعات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سورۃ الحدید کا تعارف، فضیلت و خصوصیات تحریر کیجیئے نیز سورۃ الحدید کی پہلی دس آیات میں بیان کردہ مضامین میں سے ہر عنوان پر ایک پیراگراف تحریر کیجیئے۔ (20)